اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# فجر کے لیے جگانا

# درود شریف کی فضیلت

مسلمانوں کے پہلے خلیفہ، امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہُ عنہ فرماتے ہیں کہ رسولِ امین، خاتمُ المعصومین صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پر درود پاک پڑھنا خطاؤں کو یوں مٹا دیتا ہے کہ اتنی جلدی پانی بھی آگ کو نہیں بجھاتا اور آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی خدمت میں سلام عرض کرنا غلام آزاد کرنے سے افضل ہے اور آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی محبت اللہ پاک کے راستے میں تلوار چلانے سے بھی بہتر ہے۔

القول البدیع، الباب الثانی فی ثواب الصلاۃ علی رسول اللہ، ص 128.

# درود شریف کی فضیلت

صلّوا علی الحبیب!　　　　صلی اللہ علیٰ محمد

آس ہے کوئی نہ پاس ایک تمہاری ہے آس
بس ہے یہی آسرا تم پہ کروڑوں درود

کہنے کو ہیں عام و خاص ایک تمہیں ہو خلاص
بند سے کر دو رِہا تم پہ کروڑوں درود

حدائقِ بخشش، ص 267،

# گھر والوں کو نماز کا حکم

اللہ پاک پارہ 16 سورہ طٰہٰ، آیت نمبر 132 میں ارشاد فرماتا ہے:

وَ اْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَ اصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ وَ الْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾

(پ16،طٰہٰ:132)

ترجمۂ کنزالایمان: اور اپنے گھر والوں کو نَماز کا حکم دے اور خود اس پر ثابت رہ کچھ ہم تجھ سے روزی نہیں مانگتے ہم تجھے روزی دیں گے اور اَنْجام کا بھلا پرہیز گاری کے لیے۔

# آیت کی تفسیر میں...

اس آیۂ کریمہ کے تحت طبقات المحدثین میں مشہور صحابی حضرت ابو سعید خدری رضی اللہُ عنہ سے مروی ہے کہ جب یہ آیۂ مبارکہ نازِل ہوئی تو نبی کریم، خاتم المعصومین صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم 8 مہینے تک ہر روز مولائے کائنات، مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ حضرت علی المرتضی رضی اللہُ عنہ کے دروازے کے پاس سے گزرتے اور فرماتے : اَلصَّلاۃُ رَحِمَکُمُ اللہُ یعنی اللہ پاک تم پر رحم فرمائے نماز کا وقت ہو گیا ہے۔

طبقات المحدثین، الطبقۃ التاسعۃ، 4/148

# فجر کے لیے جگانا سنت ہے

حضرت عبد اللہ بن طِخُفہ رضی اللہُ عنہ فرماتے ہیں کہ جب کبھی نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے پاس زیادہ مہمان آ جاتے تو آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم اِرشاد فرماتے کہ ہر شخص اپنا اپنا مہمان لے جائے اسی طرح ایک دفعہ آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی خدمتِ اقدس میں کافی سارے مہمان جمع ہو گئے تو آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اِرشاد فرمایا کہ ہر شخص اپنا اپنا مہمان لے جائے۔

# فجر کے لیے جگانا سنت ہے

حضرت عبد اللہ بن طِخُفہ رضی اللہُ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا مہمان بننے کا شرف حاصل ہوا جب آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم گھر تشریف لائے تو اُمُّ المومنین، صدیقہ کبریٰ بِنتِ صدیق اکبر، حضرت عائشہ رضی اللہُ عنہا سے اِرشاد فرمایا: اے عائشہ (کھانے کے لیے) کوئی چیز ہے؟ آپ رضی اللہُ عنہا نے عرض کی: جی یارسول اللہ آپ کی افطاری کے لیے حویسہ (گھی، شکر اور ستو کا حلوہ) تیار کیا ہے اور ساتھ ہی آپ رضی اللہُ عنہا کھانے والا وہ پیالا لے آئیں

# فجر کے لیے جگانا سنت ہے

آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اس میں سے تھوڑا سا تناول فرمایا اور اِرشاد فرمایا: بِسمِ اللہ پڑھ کر کھانا شروع کرو۔ ہم نے اس میں سے کھایا اور اس کی طرف دیکھا نہیں۔ پھر آقا کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیا پینے کے لیے کوئی چیز ہے؟ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہُ عنہا نے عرض کی جی یارسول اللہ دودھ تیار کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا وہ بھی لے آؤ۔ آپ رضی اللہُ عنہا لے کر حاضِر ہوئیں تو آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اس میں سے تھوڑا سا نوش فرمایا پھر فرمایا کہ بِسمِ اللہ پڑھ کر پی لو تو ہم نے پیا مگر اس کی طرف دیکھا نہیں۔

# فجر کے لیے جگانا سنت ہے

پھر ہم وہاں سے نکلے اور مسجد آ گئے اور میں منہ کے بَل اُلٹا لیٹ کر سو گیا۔ جب نماز کا وقت ہوا تو نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے لوگوں کو نماز کے لیے جگاتے ہوئے ارشاد فرمایا اَلصَّلَاۃ، اَلصَّلَاۃ یعنی نماز، نماز۔ جب آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم لوگوں کو جگاتے ہوئے میرے پاس سے گزرے تو مجھے اس حالت میں سویا ہوا دیکھ کر اِرشاد فرمایا یہ کون ہے؟ میں نے عرض کی یارسول اللہ میں عبد اللہ بن طِخفہ ہوں تو آقا کریم، شفیعُ المُذنِبین صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اِرشاد فرمایا اس طرح لیٹنے کو اللہ پاک پسند نہیں فرماتا۔(1)

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی محمد

(1)...مسند امام احمد، مسند الانصار، 9/ 586، حدیث: 24259، دار الکتب العلمیہ بیروت

# فجر کے لیے جگانا سنت ہے

پھر ہم وہاں سے نکلے اور مسجد آ گئے اور میں منہ کے بَل اُلٹا لیٹ کر سو گیا۔ جب نماز کا وقت ہوا تو نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے لوگوں کو نماز کے لیے جگاتے ہوئے ارشاد فرمایا اَلصَّلَاۃ، اَلصَّلَاۃ یعنی نماز، نماز۔ جب آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم لوگوں کو جگاتے ہوئے میرے پاس سے گزرے تو مجھے اس حالت میں سویا ہوا دیکھ کر اِرشاد فرمایا یہ کون ہے؟ میں نے عرض کی یارسول اللہ میں عبد اللہ بن طِخفہ ہوں تو آقا کریم، شفیعُ المُذنِبین صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اِرشاد فرمایا اس طرح لیٹنے کو اللہ پاک پسند نہیں فرماتا۔()

صلُّوا علَی الحبیب! صلی اللہُ علٰی محمد

()...مسند امام احمد، مسند الانصار، 9/ 586، حدیث: 24259، دار الکتب العلمیہ بیروت

اے عاشقانِ رسول! نماز کی فرضیت و اہمیت ہر مسلمان جانتا ہے اور اس پر ایمان رکھتا ہے مگر یہ کام جس قدر اہم ہے اسی قدر سستی اور غفلت بھی اس میں زیادہ نظر آتی ہے، اور دیگر نمازوں کی نسبت نمازِ فجر میں یہ سستی اور زیادہ ہوتی ہے، ذیلی حلقے کے 12 دینی کاموں میں سے روزانہ کا پہلا دینی کام "فجر کے لئے جگانا" ہے، جو اسلامی بھائی اس دینی کام پر عمل کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ خود بھی نماز فجر کی پابندی کرنے والے بنتے ہیں اور دوسروں کو نمازی بنانے والے بھی بن جاتے ہیں، آیئے سنتے ہیں کہ اس دینی کام سے اور کیا کیا فوائد حاصل ہو سکتے ہیں:

# فجر کے لئے جگانے کے فوائد

❁ قرآنِ کریم کے حکم پر عمل ہوتا ہے۔ ❁ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پر عمل ہوتا ہے۔ ❁ سنتِ صحابہ علیہمُ الرِّضوان پر عمل ہوتا ہے۔ ❁ فجر کے لیے جگانے والے کو خود بھی پہلی صف میں نماز پڑھنے کی فضیلت ملتی ہے کہ آقا کریم، سید المرسلین صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پہلی صف کے لئے تین دفعہ مغفرت کی دعا فرماتے تھے۔(1)

(1)...ابن ماجہ، کتاب امامۃ الصلوۃ ... الخ، باب الصف المقدم، 528، حدیث:996، دار الکتب العلمیہ بیروت

# فجر کے لئے جگانے کے فوائد

❁ نماز کے لیے جگانے والے کو تکبیر اُولی کی بھی فضیلت نصیب ہوتی ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ 40 دن تک تکبیر اُولی کے ساتھ نماز پڑھنے والے کو جہنم اور نفاق سے آزادی مل جاتی ہے۔[1]

❁ نماز کے لیے جگانے والے کو جماعت نصیب ہوتی ہے اور اللہ پاک باجماعت نماز پڑھنے والوں سے خوش ہوتا ہے۔[2]

(1)...ترمذی، ابو اب الصلوۃ، باب ماجاء فی فضل التکبیرۃ الاولی، 274، حدیث: 241، دار الکتب العلمیہ بیروت

(2)...مسند امام احمد، مسند عبد اللہ بن عمر بن الخطاب، 3/173، حدیث: 5530

# دنیاوی فوائد

✿ فجر میں جگانا چونکہ نیک کام ہے اور نیک کام کرنا انسان کو معاشرے میں معزز بنا دیتا ہے۔ ایسے میں لوگوں کی اصلاح کرنے کا بھی زیادہ موقع ملتا ہے۔

✿ نیک لوگوں کی صحبت نصیب ہوتی ہے اور اس کی برکت سے انسان خود بھی نیک بن جاتا ہے۔

نوٹ: پیدل چل کر فجر کے لئے جگانے والے کو درج ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

✿ پیدل چلنے کی وجہ سے ذہنی دباؤ (Depression) کافی حد تک کم ہو جاتا ہے۔

# دنیاوی فوائد

✿☜ پابندی سے پیدل چلنے سے بلڈ پریشر (Blood Pressure) مُتَوازِن رہتا ہے۔

✿☜ پیدل چلنے والے موٹاپے کا شِکار نہیں ہوتے۔

✿☜ پیدل چلنے سے ہاضمہ دُرُست ہوتا ہے۔

✿☜ پیدل چلنے سے خون میں موجود گندا کولیسٹرول (Cholesterol) خارِج ہو جاتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الحبیب! صلی اللّٰہُ علٰی محمد

# مدنی مذاکروں اور مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشوروں سے ماخوذ مدنی پھول

✿ درس دینے، علاقائی دورہ کرنے، فجر کے لیے جگانے، مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھنے / پڑھانے کے لیے تنظیمی ذِمہ داری ضروری نہیں۔(1)

✿ امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ فرماتے ہیں: میں اپنے گھر، پیر کالونی سے فجر میں فیضانِ مدینہ آتے ہوئے فجر کے لیے جگاتے ہوئے آتا تھا۔(2)

(1)...مدنی مذکرہ، 10 شوال المکرم 1435ھ بمطابق 6 اگست 2014ء

(2)...مدنی مذکرہ، 10 جمادی الاولی 1436ھ بمطابق یکم مارچ 2015ء

# مدنی مذاکروں اور مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشوروں سے ماخوذ مدنی پھول

✿ ☜ فجر کے لیے جگانا آپ کے عَلاقے کے لوگوں کا تحفظ کرتا ہے۔[1]

✿ ☜ ذِمّہ دارانِ دعوتِ اسلامی، فجر کے لیے جگانا، مدنی حلقہ، درس، عَلاقائی دورہ اور مدرسۃُ المدینہ بالغان وغیرہ پر خصوصی توجہ (Focus) دیں اور ان دینی کاموں میں شرکت کی سعادت حاصل کرتے رہیں۔[2]

(1)...مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، یکم تا 7 صفر 1430ھ بمطابق 29 جنوری تا 4 فروری 2009ء

(2)...مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 16، 15 ذوالحجۃ الحرام 1431ھ بمطابق 23، 22 نومبر 2010ء

# مدنی مذاکروں اور مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشوروں سے ماخوذ مدنی پھول

✿ ☜ کسی بھی ملک میں دعوتِ اسلامی کو مضبوط کرنے کے لیے سب سے پہلے چند مخصوص دینی کاموں کو مضبوط کیا جائے مثلاً درسِ فیضانِ سنت، فجر کے لیے جگانا، مدرسۃُ المدینہ بالغان، علاقائی دورہ، ہفتہ وار اجتماع، نیک اعمال اور مدنی قافلہ۔(1)

✿ ☜ علاقوں میں جاکر روزے رکھنے رکھوانے، فجر کے لیے جگانے، تفسیر سننے سنانے کا حلقہ اور اشراق وچاشت کی بھرپور کوشش کی جائے۔(2)

(1)...مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 15تا22 شوال المکرم 1432ھ بمطابق 14تا21 ستمبر 2011ء

(2)...مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 16تا20 رجب المرجب 1435ھ بمطابق 16تا20 مئی 2014ء

# مدنی مذاکروں اور مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشوروں سے ماخوذ مدنی پھول

✿ اجتماع والی مسجد کے گرد و نواح میں فجر کے لیے جگایا جائے۔(1)

✿ ہر ذیلی حلقے میں "نمازی بناؤ مجلس" بنائی جائے، جس کا کام نمازی بڑھانا ہو۔ نمازِ فجر کے لیے جگایا جائے اور بقیہ 4 نمازوں کے لیے بھی نماز کی دعوت دی جائے۔(1)

(1)...مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 25تا28 جمادی الاخری 1438ھ بمطابق 25تا28 مارچ 2017ء

(2)...مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 11تا13 شوّال 1439ھ بمطابق 26تا28 جون 2018ء

# مدنی مذاکروں اور مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی مشوروں سے ماخوذ مدنی پھول

✿☜ نیک اعمال پر عمل کرتے ہوئے بعدِ عشاء جلد سونے کی کوشش کریں تاکہ تہجد، فجر کے لیے جگانا، باجماعت نمازِ فجر، تفسیر سننے سنانے کا حلقہ اور اِشراق وچاشت وغیرہ کی سعادتیں بآسانی حاصل ہو سکیں۔[1]

✿☜ لوگوں کو جب اِس بات کا علم ہو گا کہ فُلاں بندہ نفسانی خواہشات سے بچنے والا ہے، شُبہات سے بچتا ہے، راہِ خدا میں خوب پیسے خرچ کرتا ہے، عبادات میں سخت مشقّت برداشت کرتا ہے، خوفِ خدا اور عشقِ مصطفٰے میں خوب آہ وزاری کرتا اور آنسو بہاتا ہے، دینی کاموں کی خوب دھوم مچاتا ہے، لوگوں کی اِصلاح کیلئے بہت

(1). مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 18 جمادی الاولیٰ 1433ھ بمطابق 11 اپریل 2012ء

دل جلاتا ہے، خوب مدنی قافلوں میں سفر کرتا کراتا ہے،زَبان، آنکھ اور پیٹ کا قُفلِ مدینہ لگاتا ہے،روزانہ فیضانِ سنّت کے اِتنے اِتنے دَرْس دیتا ہے، مدرسۃُ المدینہ بالغان پڑھتا / پڑھاتا، فجر کے لیے جگاتا اور علاقائی دورے کا بڑا ہی پابند ہے تو اُن (لوگوں) کی زبانوں پر اس (بندے) کی خوب تعریف جاری ہوگی، وہ اسے عزّت و اِحترام کی نگاہ سے دیکھیں گے۔(مدنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ، 1تا 5 ذیقعدۃُ الحرام 1436ھ بمطابق 17تا20 اگست 2015ء) اللہ پاک ہمیں خوب دینی کام کرنے اور پیر صاحب کی دعائیں لینے کی توفیق عطا فرمائے۔ اٰمین بِجاہِ النّبیِّ الاَمین صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم

صلُّوا علَی الحبیب! صلی اللہُ علٰی محمد

جزاك الله خيرا